فَلَاحًا وَّاَوْسَطَهٗ نَجَاحًا وَّاٰخِرَهٗ صَلَاحًا اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ

بنادے اسکے درمیان کو نجات بنا اور اسکے آخر کو بہتری قرار دے بیشک تو ہر غیب کا جاننے والا ہے۔

فضائل سورۃ القدر ائمہ معصومینؑ کی نظر میں

- امام جعفر صادق علیہ السّلام سے منقول ہے کہ وسعتِ رزق کے لیے ہر روز بعد نماز صبح سورۃ القدر پڑھے اور قدرتِ خدا کا مشاہدہ کرے۔ امام صادقؑ فرماتے ہیں کہ جو شخص اس سورہ کی تلاوت کرتا رہے۔ تو پروردگار اسے ایسی جگہ سے روزی عطا فرمائے گا جہاں اس کا گمان بھی نہ ہوگا۔
- امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا ''جو شخص نماز عشاء تمام کرنے کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ قدر کی تلاوت کرے وہ دوسری رات کے آنے تک اللہ کی حفاظت و امان میں رہے گا اور جو شخص ہر رات سورۂ قدر کی ۷ مرتبہ تلاوت کرے وہ صبح ہونے تک اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا اور جو شخص اپنے سونے یا چاندی کے ذخیرے اور دیگر سامان پر سورۂ قدر پڑھے تو اللہ اس میں برکت دے گا اور ہر اس شے سے جو ضرر اور نقصان پہنچانے والی چیز ہو اُس سے اُس کا مال محفوظ رہے گا اور اگر سورۂ قدر پانی پر پڑھ کر اس پانی سے سامان کو دھو دیا جائے یا چھڑک دیا جائے تو بحکم خدا اس میں بہت فائدہ ہوگا۔
- امام محمد تقی علیہ السّلام سے روایت ہے کہ جو شخص بعد نماز عصر ۱۰ مرتبہ اس سورہ کی تلاوت کرے تو اس روز تمام دنیا کے ثواب کے برابر اس کو ثواب ملے گا۔

- امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں جو شخص اس سورہ کو سوتے وقت شب جمعہ کو ۱۰۰ دفعہ پڑھے گا۔تو اسی شب کو اپنی جگہ بہشت میں دیکھے گا۔
- امام موسیٰ کاظم علیہ السلام فرماتے ہیں "جمعہ کے دن خدا کی ہزار نسیم رحمت ہیں کہ ان میں جس قدر چاہے اپنے بندے کو عطا کرتا ہے۔ پس جو شخص روز جمعہ بعد از نماز عصر ۱۰۰ مرتبہ سورۂ قدر کی تلاوت کرے تو اسے یہ ہزار رحمت دگنی کر کے عنایت کی جائے گی۔
- جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص اس سورۂ مبارکہ کو پڑھے اور استغفار کرے وہ قیامت کے دن ہمارے ساتھ محشور ہوگا۔ اسماعیل بن بشر نے امام کو خط لکھا کہ میں قرض دار ہوں، امامؑ نے جواب دیا کہ استغفار زیادہ کرو اور سورۂ قدر کی تلاوت کرو۔
- امام باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص سورۂ قدر کی تلاوت بلند آواز سے کرے گا تو گویا راہ خدا میں جہاد کر رہا ہے اور اگر آہستہ تلاوت کر رہا ہے تو اس شخص کی مانند موجود ہوگا جو دین کا دفاع کرتے ہوئے خاک وخون میں غلطاں ہو اور جو شخص اس کی ۱۰ مرتبہ تلاوت کرے گا اس کے گناہوں میں ہزار قسم کے گناہ بخشے جائیں گے۔

سورۃ القدر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰہُ فِیۡ لَیۡلَۃِ الۡقَدۡرِ ۝۱ وَ مَاۤ اَدۡرٰىکَ مَا لَیۡلَۃُ

ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں نازل (کرنا شروع) کیا اور تم کو کیا معلوم شب قدر

الۡقَدۡرِ ۝۲ لَیۡلَۃُ الۡقَدۡرِ ۬ۙ خَیۡرٌ مِّنۡ اَلۡفِ شَہۡرٍ ۝۳

کیا ہے۔ شب قدر (مرتبہ اور عمل میں) ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔

تَنَزَّلُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ وَ الرُّوۡحُ فِیۡہَا بِاِذۡنِ رَبِّہِمۡ ۚ

(اس رات) فرشتے اور جبرئیل (سال بھر کی) ہر بات کا حکم لیکر اپنے پروردگار کے حکم سے

مِنۡ کُلِّ اَمۡرٍ ۝۴ سَلٰمٌ ۟ۛ ہِیَ حَتّٰی مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ ۝۵

نازل ہوتے ہیں۔ یہ رات صبح کے طلوع ہونے تک (از سرتاپا) سلامتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا عمل

بسم اللہ ہر مطلب وحاجت کیلئے۔ ایک نشست میں سات سو چھیاسی ۷۸۶

بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھیئے، اول وآخر گیارہ مرتبہ درود

شریف پڑھیئے۔

"تعقیباتِ نمازخصوصاً برائے نمازِ فجر"

آیاتِ سُورَۃُ الصّٰٓفّٰتِ مَکِّیَّۃٌ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿﴾

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجۡرًا ﴿۲﴾

(عبادت میں یا جہاد میں) پَرا باندھنے والوں کی (قسم) پھر (بدوں کو برائی سے) جھڑک کر ڈانٹنے

فَالتّٰلِیٰتِ ذِکۡرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰـہَکُمۡ لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾

والوں کی (قسم) پھر قرآن کے پڑھنے والوں کی قسم ہے کہ تمہارا معبود یقینی ایک ہی ہے۔

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَیۡنَہُمَا وَ

جو سارے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے (سب کا) پروردگار

رَبُّ الۡمَشَارِقِ ﴿۵﴾ اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنۡیَا

ہے۔ اور (چاند، سورج، تارے کے) طلوع (و غروب) کے مقامات کا بھی مالک

بِزِیۡنَۃِۣ الۡکَوَاکِبِ ﴿۶﴾ وَحِفۡظًا مِّنۡ کُلِّ

ہے۔ ہم ہی نے نیچے والے آسمان کو تاروں کی آرائش (جگمگاہٹ) سے آراستہ کیا اور (تاروں کو)

شَیۡطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿۷﴾ لَا یَسَّمَّعُوۡنَ اِلَی الۡمَلَاِ

ہر سرکش شیطان سے حفاظت کے واسطے (بھی پیدا کیا)، کہ اب شیطان عالمِ بالا کی طرف

الۡاَعۡلٰی وَیُقۡذَفُوۡنَ مِنۡ کُلِّ جَانِبٍ ﴿۸﴾

کان بھی نہیں لگا سکتے اور (جہاں سُن گُن لینا چاہا) تو ہر طرف سے کھدیڑنے کیلئے

دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿٩﴾ اِلَّا
شہاب بھینکے جاتے ہیں اور ان کیلئے باہدار عذاب ہے مگر جو (شیطان شاذونادر) فرشتوں کی کوئی
مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿١٠﴾
بات اُچک لے بھاگتا ہے تو آگ کا دہکتا ہوا تیر اس کا پیچھا کرتا ہے۔

آیاتِ سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ
اے گروہ جن وانس اگر تم میں قدرت ہے کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے
تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا
(ہو کر کہیں) نکل کر (موت یا عذاب سے بھاگ) سکو تو نکل جاؤ (مگر) تم تو بغیر قوت اور غلبہ کے
لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿٣٣﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا
نکل ہی نہیں سکتے (حالانکہ تم میں قوت ہے نہ غلبہ) تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت
تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٤﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ
کو جھٹلاؤ گے۔ (گنہگار جنو اور آدمیو جہنم میں) تم دونوں پر آگ کا سبز شعلہ اور سیاہ
نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿٣٥﴾
دھواں چھوڑ دیا جائے گا تو تم دونوں کسی طرح سے (روک نہیں سکو گے۔

فضائلِ آیاتِ سورۂ روم از نگاہِ رسولِ خداؐ

دیلمیؒ نے اعلام الدین میں ابن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:
جو شخص مغرب کی نماز کے بعد ان آیات کو تین مرتبہ پڑھے تو وہ گذشتہ دن کا ضائع ہو جانے والا ثواب حاصل کرے گا۔اس کی نماز قبول ہو گی۔ اگر ہر فریضہ اور سنتی نماز کے بعد پڑھے تو اس کے لیئے آسمان کے ستاروں، بارش کے قطروں، درختوں کے پتوں اور زمین کے ذرّوں کی تعداد کے مطابق نیکیاں لکھی جائیں گی۔جب وہ مرے گا تو قبر میں اسے ہر نیکی کے عوض دس نیکیاں مزید عطا ہوں گی۔ وہ آیات یہ ہیں:۔

آیاتِ سورۃ الرّوم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

خُدا کے نام سے شروع کرتا ہوں، جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

فَسُبۡحٰنَ اللّٰہِ حِیۡنَ تُمۡسُوۡنَ وَحِیۡنَ

اللہ پاک ہے جب تم شام کرتے ہو اور جب

تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ

صبح کرتے ہو اسی کے لئے حمد ہے آسمانوں اور

وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

زمین میں اور رات میں بھی اور جب تم ظہر کرتے ہو

یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ

وہ مُردہ میں سے زندہ کو اور زندہ میں سے مُردہ کو باہر نکالتا

مِنَ الْحَیِّ وَیُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ط

ہے وہ زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد زندہ کرتا ہے اور اسی

وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾

طرح تم بھی نکالے جاؤ گے۔

فَضِیْلَتِ آیَاتِ سُوْرَۃِ الصّٰفّٰتِ اَزْ نِگَاہِ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ

ابن بابویہؒ نے معتبر سند کے ساتھ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص شام کے قریب یا شام کے بعد تین مرتبہ یہ آیت پڑھے تو اس رات اس سے کوئی نیکی ضائع نہیں ہوگی اور ہر قسم کے شر اور برائیاں اس سے دور رہیں گی۔ صبح کے وقت یہ آیت پڑھے تو بھی ایسا ہی اجر

ملے گا اور وہ آیت یہ ہے :

آیاتِ سُوْرَۃُ الصّٰفّٰتِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

خُدا کے نام سے شروع کرتا ہوں، جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿١٨٠﴾

پاک ہے تیرا صاحبِ عزّت رب ان باتوں سے جو وہ اس کیلئے

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٨١﴾ وَالْحَمْدُ

کہتے ہیں اور سلام ہے سب نبیوں پر اور حمد بس

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٨٢﴾

خُدا کے لیے ہے جو جہانوں کا رب ہے۔

فضائل آیاتِ سُوْرَۃ انعام : از نگاہِ رسولِ خُداؐ

جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ:۔ جو شخص سورۃ انعام کو ابتداء سے "تَکْسِبُوْنَ" تک تلاوت کرے تو اللہ اُس کے لیے چالیس ہزار فرشتوں کو مقرر کر دے گا، جن کی عبادت کے برابر قیامت تک ثواب اُس شخص کے

لیے لکھا جائے گا، اور کتاب "الافراد والغرائب" میں تحریر ہے
کہ جو شخص نماز فجر میں سورۃ انعام پڑھے اُس کے لیئے یہ چالیس
ہزار فرشتے مقرر کیئے جائیں گے جن کی عبادت کا ثواب اُسے
قیامت تک ملتا رہے گا، اور کتاب "الوسیط" میں ہے
کہ جو شخص اس وقت پڑھے جبکہ وہ صبح کرے تو اُسے
یہ ثواب حاصل ہوگا۔

آیاتِ سُورَۃُ الْاَنْعَام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(میں) اس خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

سب تعریف خدا ہی کو سزاوار ہے جس نے بہتیرے آسمان اور زمین کو پیدا کیا۔

وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۗ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اور اس میں مختلف قسموں کی تاریکی اور روشنی بنائی۔ پھر باوجود اس کے کفار

بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ① هُوَ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ

(اوروں کو) اپنے پروردگار کے برابر کرتے ہیں۔ وہ تو وہی خدا ہے جس نے تم کو مٹی سے

مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰىٓ اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى

پیدا کیا۔ پھر (تمہارے) مرنے کا ایک وقت مقرر کر دیا۔ اور (اگرچہ تم کو معلوم نہیں مگر)

عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ۝٢ وَهُوَ اللّٰهُ فِي

اس کے نزدیک (قیامت کا) ایک وقت مقرر ہے، پھر (بھی) تم شک کرتے ہو اور

السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ

وہی تو آسمانوں میں (بھی) اور زمین میں (بھی) خدا ہے۔ وہی تمہارے ظاہر و باطن سے (بھی)

وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ۝٣	یہ آیات تعقیبات نماز صبح
خبردار ہے اور وہی جو کچھ بھی تم کرتے ہو جانتا ہے۔	کے لیے بھی مخصوص ہیں۔

مخصوص آیاتِ قرآنی برائے طلبِ حاجات

براء ابن عاذب نے حضرت علیؑ کی خدمت میں عرض کیا کہ:
اے امیر المومنینؑ میں خدا اور اس کے رسولؐ کا واسطہ دے کر آپؑ سے سوال کرتا ہوں کہ وہ سب سے عظیم چیز جس سے پیغمبر نے آپؑ کو مخصوص کیا اور جبرائیلؑ نے آنحضرتؐ کو مخصوص کیا اور خُدا نے جسے دے کر جبرائیلؑ کو بھیجا وہ مجھے عطا فرمائیے۔؟

تو آپؑ نے فرمایا:۔

جب تم چاہو کہ خُدا کو اس کے اسمِ اعظم کے ساتھ پکارو تو سُورۂ

حدید کی ابتدائی چھ آیتیں عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ تک پڑھ کر اسے پکارو، اور اس کے بعد سورۂ حشر کی آخری چار آیتیں پڑھو۔ پھر اپنے دونوں ہاتھ بلند کر کے کہو۔

اے وہ خدا جو ان صفات کا مالک ہے میں تجھے ان اسماء کے حق کا واسطہ دے کر پکارتا ہوں محمدؐ و آلِ محمدؐ پر درود بھیج اور میری فلاں حاجت پوری کر دے۔

اس کے بعد اپنی حاجت بیان کرو۔

قسم ہے اس خدا کی جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اِنْ شَآءَ اللہ تمہاری حاجت پوری ہوگی۔

سُوْرَۃُ الْحَدِیْدِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَ

جو جو چیز سارے آسمان و زمین میں ہے، سب خدا کی تسبیح کرتی ہے، اور

هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ① لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

وہی غالب حکمت والا ہے۔ سارے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے۔

وَالْاَرْضِ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ

وہی جلاتا ہے وہی مارتا ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ② هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ

وہی سب سے پہلے اور سب سے آخر ہے اور اپنی قدرتوں

وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ③ هُوَ

سے) سب پر ظاہر اور (نگاہوں سے) پوشیدہ اور وہی سب چیزوں کو

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ

جانتا ہے۔ وہ وہی تو ہے جس نے سارے آسمانوں اور زمین چھ دن میں پیدا کیئے پھر عرش

اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ

(کے بنانے) پر آمادہ ہوا جو چیز زمین میں داخل ہوتی ہے اور جو اس سے

فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ

نکلتی ہے اور جو چیز آسمان سے نازل ہوتی ہے اور جو اس کی طرف چڑھتی ہے (سب)

مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَهُوَ مَعَكُمْ

اس کو معلوم ہے اور تم (چاہے) جہاں کہیں رہو۔ وہ تمہارے ساتھ ہے،

اَيْنَ مَا كُنْتُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ④

اور جو کچھ بھی تم کرتے ہو خدا اسے دیکھ رہا ہے۔ آسمانوں اور

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ

زمین کی بادشاہی خاص اسی کی ہے اور خدا ہی کی طرف کل امور

الْاُمُوْرُ ⑤ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ

پلٹتے ہیں۔ وہی رات کو (گھٹا کر) دن میں داخل کرتا ہے (تو دن بڑھ

النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَهُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑥

جاتا ہے) اور دن کو (گھٹا کر) رات میں داخل کرتا ہے (تو رات بڑھ جاتی ہے) اور وہ دلوں کے بھید واقف

اٰیاتِ سُوْرَةُ الْحَشْرِ

ان آیات کی بعد نماز صبح اور بعد نماز مغرب، عشاء پڑھنے کی تاکید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ

اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر (بھی) نازل کرتے تو تم اس کو دیکھتے کہ خدا کے ڈر سے جھکا

خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ

اور پھٹا جاتا ہے، اور یہ مثالیں ہم لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے

تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور کریں۔ وہ ہی

يَتَفَكَّرُوْنَ ㉑ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

خدا ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ پوشیدہ اور ظاہر کا

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ㉒

جاننے والا وہی بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ

وہ وہی خدا ہے جس کے سوا کوئی قابل عبادت نہیں (حقیقی) بادشاہ پاک ذات

الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ

(ہر عیب سے) بری امن دینے والا نگہبان غالب زبردست بڑائی والا یہ لوگ جس کو

الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

(اس کا) شریک ٹھہراتے ہیں۔ وہ اس سے پاک ہے۔ وہی خدا (تمام چیزوں

عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ

کا) خالق، موجد، صورتوں کا بنانے والا اسی کے

الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ

اچھے اچھے نام ہیں جو چیزیں سارے آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اسی کی تسبیح

مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۴﴾

کرتی ہیں۔ اور وہی غالب حکمت والا ہے۔

آٹھ آیتوں کا عمل

سُورۂ حج میں خاص ایسی آٹھ آیتیں ہیں اور بہشت کے دروازے بھی آٹھ ہیں اور ان آٹھ آیتوں کو ورد کرنے سے انشاءاللہ بہشت کے آٹھ دروازے اس کے لیے کھُل جائیں گے۔ ان آیتوں کے کلمات کے اعداد ایک لاکھ چوبیس ہزار ہوتے ہیں تو اس سے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کی طرف اشارہ ہے کیونکہ ہر ایک نبی ایک کلمہ ہے جیسا کہ قرآن شریف میں حضرت عیسیٰؑ اور حضرت یحییٰؑ کو خدا نے کلمہ فرمایا ہے، جو کوئی ان آیتوں کو پڑھے گا تو اس کو ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کی ارواح کی طرف سے فیض پہنچے گا۔ ان آیتوں میں اسمائے حسنیٰ چالیس ہیں اور وہ اسم ذات اور اسم صفات ہیں۔ تو اسی سبب سے ان آیتوں کے پڑھنے والے کے لیے ہر ایک اسم سے اُس کے لیے یہ پردہ اور حجاب دُور ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ ہر آیت خدا کے متبرک اسم پر ختم ہوتی ہے یعنی ہر ایک آیت کا آخری کلمہ خدا کا متبرک اسم ہے اور آخری آٹھویں آیت خدا کے دو اسماء رءوفٌ اور رحیمٌ پر ختم ہوتی ہے۔ اس سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ ہر ایک کا انجام خدا کی مہربانی اور لطف کے ساتھ ہوتا ہے۔

ابن عباس سے روایت ہے یعنی آپ فرماتے ہیں کہ میں نے ہر طریقے سے سارے قرآن شریف کا مطالعہ کیا لیکن ان آٹھ آیتوں سے کوئی دوسری آیت بزرگ تر نہیں دیکھی اور ان آیتوں کے فضائل کے بارے میں میں نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ یہ آٹھ آیتیں خدا کے خزانوں میں سے آٹھ خزانے ہیں اور خدا کے بے شمار بھیدوں میں سے آٹھ بھید ہیں اور یہ آیتیں اسم اعظم سے خالی نہیں۔ اس لیئے جو بھی ان آٹھ آیتوں کو پڑھا کریگا وہ جنّات کے اثراتِ بد اور شیطانوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اور اس کے لیئے ظاہر اور باطن کے روزی کے دروازے کھل جائیں گے، اور ہرگز ہرگز اس کو دنیا کا کوئی غم اور رنج نہ پہنچ پائے گا اور نہ اُسے کوئی تکلیف پہنچنے پائے گی، اور زمانے کے بادشاہ اور دین کے بزرگ اس کے مددگار رہیں گے جس کام کی طرف وہ دل لگائے گا اور اس کے لیئے کوشش کرے گا وہ کام اس کی مرضی کے مطابق پورا ہوگا۔ دشمنو اور حسد کرنے والوں کی بدی سے محفوظ رہے گا۔ جنّات بھی انسان کی مرضی کے مطابق چلیں گے۔ اور وہ خدا کی پناہ میں رہے گا۔ اور تمام سفر کے خطرات سے محفوظ رہے گا۔

آٹھ آیتوں کے پڑھنے کا طریقہ

پہلے "یَا اَللّٰہُ" گیارہ مرتبہ پڑھے۔ پھر یہ دُعا پڑھے:۔

یَا خَیْرَ الرَّازِقِیْنَ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ
اے روزی دینے والا بہتر اے دانا اے بردبار اے معاف
یَا عَفُوُّ یَا غَفُوْرُ یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ یَا
کرنے والے اے بخشنے والے۔ اے سُننے والے اے دیکھنے والے اے بلند
عَلِیُّ یَا کَبِیْرُ یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ یَا غَنِیُّ
اے قدرت والے اے لطیف اے خبر رکھنے والے اے بے نیاز اے
یَا حَمِیْدُ یَا رَءُوْفُ یَا رَحِیْمُ اِفْتَحْ لِیْ
تعریف کے لائق اے مہربان اے رحیم میرے لیئے کھول دے اپنی
بَابَ رَحْمَتِكَ وَاجْعَلْ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ
رحمت کے دروازے کو میرے لیئے میرے معاملے میں نکلنے کا راستہ
فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ
پیدا کر اور کشادگی عطا کر اپنی رحمت کے صدقے میں اے سب
الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ
مہربانوں سے زیادہ مہربانی کرنے والے اے اللہ اپنی رحمتِ کاملہ نازل کر اپنی تمام مخلوق سے بہترین

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ ؕ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی تمام پاکیزہ آل پر۔

اس کے بعد یہ آٹھ آیتیں مندرجہ ذیل پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع کرتا ہوں خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالَّذِیْنَ ھَاجَرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ثُمَّ

اور جن لوگوں نے خدا کی راہ میں اپنے دیس چھوڑے پھر شہید کیے گئے یا

قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَیَرْزُقَنَّھُمُ اللّٰہُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ

(آپ اپنی موت سے) مر گئے خدا انہیں (آخرت میں) ضرور عمدہ روزی عطا فرمائیگا۔

وَاِنَّ اللّٰہَ لَھُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۝۱ لَیُدْخِلَنَّھُمْ

اور بیشک تمام روزی دینے والوں میں خدا ہی سب سے بہتر ہے۔ وہ ضرور انہیں ایسی جگہ

مُّدْخَلًا یَّرْضَوْنَہٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰہَ لَعَلِیْمٌ حَلِیْمٌ ۝۲

(بہشت میں) پہنچا دے گا جس سے وہ نہال ہو جائینگے اور خدا تو بیشک بڑا واقف کار

ذٰلِکَ ج وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِہٖ

بردبار ہے۔ یہی (ٹھیک) ہے اور جو شخص اپنے دشمن کو اتنا ہی ستائے جتنا اس کے

ثُمَّ بُغِیَ عَلَیْہِ لَیَنْصُرَنَّہُ اللّٰہُ ؕ اِنَّ اللّٰہَ

ہاتھوں سے ستایا گیا تھا اس کے بعد پھر دوبارہ دشمن کی طرف سے اس پر زیادتی کی جائے تو خدا

لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿٣﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ

اس (مظلوم) کی ضرور مدد کریگا بیشک خدا بڑا معاف کرنے والا بخشنے والا ہے یہ (مدد) اس وجہ سے

الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِى

(دی جائے گی) کہ خدا بڑا قادر ہے وہی تو رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں

الَّيْلِ وَ اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٣﴾

داخل کرتا ہے اور اس میں بھی شک نہیں کہ خدا (سب کچھ) جانتا ہے (اور) اس وجہ

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَ اَنَّ مَا يَدْعُوْنَ

سے بھی کہ یقیناً خدا ہی برحق ہے اور اس کے سوا جن کو لوگ (وقت مصیبت) پکارا کرتے ہیں

مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ

سب کے سب (باطل ہیں، اور (یہ بھی) یقینی (ہے کہ) خدا ہی (سب سے) بلند رتبہ بزرگ ہے۔

الْعَلِىُّ الْكَبِيْرُ ﴿٥﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ

اور اے (کیا تو نے (اتنا بھی نہیں دیکھا کہ خدا ہی آسمان سے پانی برساتا ہے تو زمین سرسبز

مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۚ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ

(و شاداب) ہو جاتی ہے۔ بے شک خدا (بندوں کے حال پر) بڑا مہربان

مُخْضَرَّةًؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿٦﴾ لَهٗ

واقف کار ہے۔ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (غرض

مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِى الْاَرْضِؕ وَاِنَّ اللّٰهَ

سب کچھ) اسی کا ہے اور اس میں تو شک ہی نہیں کہ خدا (سب سے) بے پروا

لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٧﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

(اور) سزاوار حمد ہے۔ کیا تو نے اس طرف بھی نظر نہ ڈالی کہ جو کچھ زمین میں

سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ

ہے سب کو خدا ہی نے تمہارے قابو میں کر دیا ہے اور کشتی کو (بھی)

فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ

جو اسی کے حکم سے دریا میں چلتی ہے اور وہی تو آسمان کو روکے ہوئے ہے کہ

تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ

زمین پر نہ گر پڑے مگر جب اس کا حکم ہوگا (تو گر پڑے گا) اس میں شک نہیں کہ خدا لوگوں پر

لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٨﴾	پھر پندرہ مرتبہ "یَا اَللّٰهُ" کہے۔
بڑا مہربان رحم والا ہے۔	

حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ ہر حاجت کے لیے ہر نمازِ فریضہ کے بعد تین مرتبہ یہ دُعاء پڑھا کریں۔

يَا مَنْ يَّفْعَلُ مَا يَشَآءُ وَلَا يَفْعَلُ

اے وہ (خدا) جو جیسا چاہتا ہے کرتا ہے، اور اس کا غیر

مَا يَشَآءُ غَيْرُهٗ ★

جو چاہے وہ نہیں کر سکتا۔ (یعنی خدا کی مرضی کسی کے تابع نہیں)

فضیلتِ سورۂ جمعہ

کتاب "خواص القرآن" میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
"جو شخص سورہ جمعہ کی تلاوت کرے اُس کے لیئے اللہ تعالیٰ اس تعداد سے دس گنی زائد نیکیاں لکھتا ہے کہ جو تعداد تمام شہروں میں نماز جمعہ کے لیئے یکجا ہوئی، اور جو شخص ہر شب میں یا ہر روز سورہ جمعہ کی تلاوت کرے تو وہ اُس شے سے بے خوف ہوجائے گا جس سے وہ خوف زدہ رہتا ہو، اور ہر وہ شے اس سے دُور ہوجائے گی جو اُس شخص کے لیئے نقصان و پریشانی کا باعث بنی ہوئی ہے۔"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص سورہ جمعہ کی تلاوت کرے اُس کے لیئے بہت بڑا اجر ہے، اور سورہ جمعہ کی تلاوت کرنے والا شخص ہر اُس شے سے محفوظ و بے خوف ہوجائے گا جو شے اُس کیلئے خوف و پریشانی کا باعث ہو اور ہر پریشانی و تکلیف اُس سے دُور ہو جائیگی۔"

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "جو شخص دن میں صبح کے وقت یا رات میں شام کے وقت سورہ جمعہ کی تلاوت کرے وہ شیطان کے فریب اور شبہات سے محفوظ رہے گا، اور اللہ تعالیٰ اُس شخص سے دُوسرے دن تک درگزر فرماتا رہے گا۔"

سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ

اٰيَاتُهَا ۱۱ رُكُوْعَاتُهَا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے (سب)

فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ

خدا کی تسبیح کرتی ہے جو (حقیقی) بادشاہ پاک ذات غالب

الْحَكِيْمِ ① هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ

حکمت والا ہے وہی تو ہے جس نے جاہلوں میں ان ہی میں

رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ

کا ایک رسول (محمدؐ) بھیجا جو ان کے سامنے اس کی

يُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ق

آیتیں پڑھتے اور اُن کو پاک کرتے اور اُن کو کتاب اور عقل کی باتیں

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ②

سکھاتے ہیں اگرچہ اس کے پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی (میں پڑے ہوئے) تھے

وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ط

اور اُن میں سے ان لوگوں کی طرف بھی (بھیجا) جو ابھی تک ان سے

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٣﴾ ذٰلِكَ فَضْلُ

ملحق نہیں ہوئے اور وہ تو غالب حکمت والا ہے یہ خدا کا فضل ہے جس

اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ

کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔ اور خدا تو بڑے فضل (و کرم)

الْعَظِيْمِ ﴿٤﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ

کا مالک ہے جن لوگوں (کے سروں) پر تورات لدوائی گئی

ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ

پھر انہوں نے اُس (کے بار) کو نہ اُٹھایا اُن کی مثل گدھے کی سی ہے۔

اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

جس پر بڑی بڑی کتابیں لدی ہوں جن لوگوں نے خدا کی آیتوں کو جھٹلایا

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

ان کی بھی کیا بُری مثال ہے اور خُدا ظالم لوگوں کو منزلِ مقصود تک نہیں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا

پہنچایا کرتا (اے رسول) تم کہدو کہ اے یہودیو اگر تم یہ

اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ

خیال کرتے ہو کہ تم ہی خُدا کے دوست ہو اور لوگ نہیں تو اگر

دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ

تم اپنے دعوے میں سچے ہو تو موت کی تمنا کرو اور

صٰدِقِيْنَ ﴿٦﴾ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًا بِمَا

یہ لوگ ان اعمال کے سبب جو یہ پہلے کر چکے ہیں کبھی اس

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿٧﴾

کی آرزو نہ کریں گے ، اور خدا تو ظالموں کو جانتا ہے۔ اے

قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ

رسول) تم کہہ دو کہ موت جس سے تم لوگ بھاگتے ہو وہ تو ضرور

فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ

تمہارے سامنے آئے گی پھر تم پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

(خدا) کی طرف لوٹا دیئے جاؤ گے پھر جو کچھ بھی تم کرتے تھے وہ

تَعْمَلُوْنَ ﴿٨﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا

تمہیں بتا دے گا ۔ اے ایمان دارو جب جمعہ کے دن نماز

نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ

(جمعہ) کے لیے اذان دی جائے تو خدا کی یاد (نماز) کی طرف

فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ

دوڑ پڑو اور (خرید) و فروخت چھوڑ دو اگر تم سمجھتے ہو

خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٩﴾

تو یہی تمہارے حق میں بہتر ہے پھر جب

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي
نماز ہو چکے تو زمین میں (جہاں چاہو) جاؤ اور خدا کے
الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا
فضل (اپنی روزی) کی تلاش کرو اور خدا کو بہت یاد
اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ⑩ وَاِذَا
کرتے رہو تاکہ تم دلی مرادیں پاؤ اور (ان کی حالت تو
رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْا اِلَيْهَا
یہ ہے) جب یہ لوگ سودا بکتا یا تماشا ہوتا دیکھیں
وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ
تو اس کی طرف ٹوٹ پڑیں اور تم کو کھڑا ہوا چھوڑ دیں (اے
مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ط وَاللّٰهُ
رسولؐ) تم کہدو کہ جو چیز خدا کے ہاں ہے وہ تماشے اور سودے سے کہیں
خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ⑪ ع
بہتر ہے اور خدا سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

آنکھوں میں درد کی دعا

سورۃ الاخلاص کو باون (۵۲) مرتبہ پڑھیں، ہاتھوں پر دم کریں، پھر آنکھوں پر ملیں۔ شفا یاب ہوں گے۔

سورۂ شمس کی فضیلت

ابن بابویہ نے اپنے اسناد کے ساتھ تحریر کیا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "جو شخص سورۂ والشمس اور سورۂ واللیل اور سورۂ والضحیٰ اور سورۂ الم نشرح کی تلاوت ایک ہی دن میں یا رات میں کرے تو کوئی شئے ایسی باقی نہیں رہے گی جو اس کی تلاوت کی گواہی نہ دے قیامت کے دن، یہاں تک کہ اس تلاوت کرنے والے کے بال، چہرہ، گوشت، خون، پٹھے اور ہڈیاں تک، اُس کی گواہی دیں گی اور زمین پر اس کے ساتھ ہر شئے گواہی دے گی، اور اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ میں نے اپنے بندے کے لئے تم سب کی گواہی کو قبول کر لیا۔ اَب میرے اس بندے کو میری جنت میں داخل کر دو اور جو چیزیں یہ پسند کرے میری طرف سے اسے عطا کر دو اور جو کچھ یہ مانگے اس کے علاوہ بھی میری رحمت اور میرے فضل کے ساتھ میرے اس بندے کو دے دو۔"

کتاب "خواص القرآن" میں ہے کہ "اگر کوئی شخص نہایت کم اسباب و کم وسائل ہو اور سورۂ والشمس کی تلاوت کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کی توفیقات میں اضافہ فرمائے گا، وہ جہاں بھی ہو اُس کی حفاظت ہو گی اور اس کی تلاوت کے باعث اُسے نفع و فائدہ ہو گا اور لوگوں میں وہ شخص مقبول اور پسندیدہ قرار پائے گا۔"

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "جو شخص کم رزق (کم روزی)، کم توفیق ہو اور جسے نقصانات اور پریشانیاں گھیرے ہوئے ہوں، اُسے چاہیئے کہ وہ روزانہ پابندی کے ساتھ سورۂ والشمس کی تلاوت کرے اُس کے رزق اور توفیقات نیک میں اضافہ ہو جائے گا، اور جو شخص سورۂ والشمس کو لکھ کر اس کا پانی پی لے تو اللہ کے حکم سے اُس کا رعشہ (لرزش) دُور ہو جائے گا"

سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ

آیاتھا ۱۵ | رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں، جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ﴿١﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ﴿٢﴾

سورج کی قسم اور اس کی روشنی کی، اور چاند کی جب اس کے پیچھے نکلے،

وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ﴿٣﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ﴿٤﴾

اور دن کی جب اسے چمکا دے، اور رات کی جب اسے ڈھانک لے،

وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ﴿٥﴾ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ﴿٦﴾

اور آسمان کی جس نے اسے بنایا، اور زمین کی اور جس نے اسے بچھایا،

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ﴿٧﴾ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا

اور جان کی اور جس نے اسے درست کیا، پھر اس کی بدکاری اور پرہیزگاری

وَتَقْوٰىهَا ﴿٨﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ﴿٩﴾ وَقَدْ

کو اسے سمجھا دیا (قسم ہے) جس نے اُس (جان) کو (گناہ سے) پاک رکھا وہ تو کامیاب ہوا اور

خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ﴿١٠﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ

جس نے اُسے (گناہ کر کے) دبا دیا وہ نامراد رہا، قوم ثمود نے اپنی سرکشی سے (اپنے پیغمبر کو)

بِطَغْوٰىهَا ﴿١١﴾ اِذِ انْبَعَثَ اَشْقٰىهَا ﴿١٢﴾ فَقَالَ

جھٹلایا، جب اُن میں کا ایک بڑا بدبخت اُٹھ کھڑا ہوا، تو خدا کے رسول (صالح) نے

لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ﴿١٣﴾

اُن سے کہا کہ خدا کی اُونٹنی اور اس کے پانی پینے سے تعرض نہ

فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا فَدَمْدَمَ

کرنا مگر اُن لوگوں نے پیغمبر کو جھٹلایا اور اُس کی کونچیں کاٹ ڈالیں تو خدا

عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿١٤﴾

نے اُن کے گناہ کے سبب سے اُن پر عذاب نازل کیا پھر (ہلاک کر کے)

وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿١٥﴾

برابر کر دیا اور اُس کو اُن کے بدلے کا کوئی خوف تو ہے نہیں۔

جو شخص قبرستان سے گذرے اور سورۃ اخلاص کی تلاوت کرے تو اُس پر اُس قبرستان کے مُردوں کی تعداد کے برابر ثواب لکھا جائے گا۔

فضیلتِ سورۂ نصر

ابن بابویہ نے اپنے اسناد کے ساتھ تحریر کیا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص اپنی مستحب نمازوں میں یا واجب نمازوں میں اس سورۂ نصر کی تلاوت کرے، اللہ تعالیٰ تمام دُشمنوں سے اس کی حفاظت خود فرمائے گا اور قیامت کے دِن وہ اس طرح آئے گا کہ اس کے پاس نوشتۂ امان ہوگا، اور جہنم کی گرمی اور آتشِ دوزخ اور اس کی خوفناک آواز سے نجات ملے گی۔
قیامت کے دِن جدھر سے بھی گذرے گا وہ چیز اس کو مُبارکباد دے گی اور ہر قسم کی خوشخبری سُنائے گی۔ یہاں تک کہ وہ جنّت میں داخل ہو جائے گا۔

اس سُورہ کی تلاوت کرنے والے کے لیئے ایسی جگہ سے خیر و برکت کے دروازے کھُل جائیں گے جہاں سے اس شخص کے وہم و گمان میں بھی نہ ہوگا۔

سُوْرَۃُ النَّصْرِ مَدَنِیَّۃٌ

آیاتہا ۳ رکوعاتہا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ﴿١﴾ وَرَأَيْتَ

(اے رسولؐ) جب خدا کی مدد آ پہنچے گی اور فتح (مکہ) ہو جائے گی اور تم

النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا ﴿٢﴾

لوگوں کو دیکھو گے کہ غول کے غول خدا کے دین میں داخل ہو رہے ہیں

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ

تو تم اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرنا اور اسی سے مغفرت

إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ﴿٣﴾

کی دعا مانگنا وہ بیشک بڑا معاف کرنے والا ہے۔

کتابیات

قرآن مجید۔ مترجم مولانا فرمان علی

مفاتیح الجنان۔ مترجم حافظ ریاض حسین

تجلیات حکمت۔ سید اصغر ناظم زادہ قمی

فضائل قرآنی۔ مطبوعہ پیر محمد ابراہیم ٹرسٹ

وظائف مقبول۔ مولانا مقبول احمد دہلوی

تعقیبات نماز۔ مطبوعہ افتخار بک ڈپو

گلدستہ عملیات۔ الحاج مرزا رضا سقازادہ

وظائف الصالحین، حصہ دوم۔ آصف حسن رضوی

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ

You are requested

to

Recites Soorah Fateha

For

Isal-e-Sawab

Late Haji Fida Hussain

Son of

Ghulam Hussain Bhojani

And All

Momineen & Mominat

”پھر جب تم نماز ادا کر چکو تو اٹھتے، بیٹھتے، لیٹتے (غرض ہر حال میں) خدا کو یاد کرو

(سورۃ النساء۔ آیت ۰۳

امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے:

”اللہ سے قرآن کے ذریعے سوال کرو اور خدا کی بارگاہ کی طرف قرآن کی محبت کے ذریعے متوجہ بارگاہِ خدا ہو اور قرآن کے ذریعے خلقِ خدا سے سوال نہ کرو بلاشبہ قرآن سے بہتر خدا کی بارگاہ کی طرف متوجہ ہونے کا کوئی اور ذریعہ نہیں۔“